**Shabbir / Fazil**

**16-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　　　　　اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی پارٹیوں سے پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے ریزرویشن کے نفاذ کی حمایت کرنے کی اپیل کی ہے، تاکہ بھارت کی پالیسی سازی میں خواتین کے تعاون کو مضبوط کیا جا سکے۔

2- وزیرِ اعظم نے مسابقتی امتحانات کی تیاری کرنے والے طلبہ کے لیے مفت آن لائن کوچنگ کا اعلان کیا ہے، تاکہ ان کے کنبوں پر مالی بوجھ کم ہو سکے۔ اگلے ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت AI کی تربیت فراہم کی جائے گی۔

3- سوریہ پتھ ترنگا، جو اپنی نوعیت کی پہلی مہم ہے اور جس میں 50 سے زیادہ بھارتی سفارتی مشنز شامل تھے، سان فرانسسکو میں اختتام پذیر ہوئی۔

4- حکومت نے چھوٹے ٹیکس دہندگان کیلئے غیر ملکی اثاثوں کے انکشاف کی اسکیم شروع کی ہے۔

5- اور شطرنج میں، عالمی نمبر ایک Magnus Carlsen نے ای-اسپورٹس ورلڈ کپ کا خطاب برقرار رکھا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Indepenadance Day

ملک نے کل اپنا 80 واں یومِ آزادی منایا۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے لال قلعہ کی فصیل سے قومی پرچم لہرایا اور کئی اہم اعلانات کیے۔

قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ پچھلے 12 سال کے دوران ملک کے کروڑوں شہریوں نے اپنے پختہ عزم اورلگن کے ذریعے ملک کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے بھرپور کوشش کی۔

S/B - PM Self Reliant

وِکست بھارت کیلئے نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے ، وزیرِ اعظم مودی نے اعلان کیا کہ غریب اور متوسط طبقے کے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو مختلف سرکاری مسابقتی امتحانات کی تیاری کیلئے مفت آن لائن کوچنگ فراہم کی جائے گی۔

انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ حکومت نے اگلے ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت AI کی مہارت کی تربیت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

PM Coaching AI Training

وزیراعظم نریندر مودی نے غریب اور متوسط طبقے کے کنبوں سے تعلق رکھنے والے طلبا کیلئے مفت آن لائن کوچنگ فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ملک کے نام اپنے خطاب میں جناب مودی نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد مسابقتی امتحانات کیلئے تیاری کرنے والے امیدواروں پر پڑنے والا مالیاتی بوجھ کم کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس قدم سے متوسط طبقے کے کنبے کو کوچنگ کلاسوں میں ہزاروں کروڑ روپے کی بچت کرنے میں مدد ملے گی۔

S/B PM Coaching

وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اگلے ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت AI سے ہنرمندی کی تربیت دی جائے گی۔

انھوں نے کہا کہ اِس کی مدد سے نوجوان عالمی AI شعبے میں قائدانہ رول ادا کر سکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کو تین چیزوں-لاگت، معیار اور ہنر پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

S/B PM AI

وزیراعظم نے کہا کہ آج بھارت کھیل کی دنیا میں اپنی جگہ بنا رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سال2030 میں بھارت دولت مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کرے گا۔x

Rev.PM Women Reservation

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی پارٹیوں پر زور دیا ہے کہ وہ اسے سیاسی مسئلہ بنائے بغیر پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے ریزرویشن کے نفاذ کی حمایت کریں۔

یومِ آزادی کے موقع پر لال قلعہ کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے ، جناب مودی نے تمام پارٹیوں سے کہا کہ وہ آگے بڑھ کر خواتین کا احترام کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملک کی خواتین کو قانون ساز اسمبلیوں اور لوک سبھا میں جلد سے جلد 33 فیصد نمائندگی حاصل ہو۔

انہوں نے کہا کہ خواتین کو بھارت کی پالیسی سازی میں اپنا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے۔

S/B - PM Women Reservation

Suryapath Trianga Culture Ministry

اپنی نوعیت کی پہلی سوریہ پتھ ترنگا گلوبل Relay، کل اختتام پذیر ہوئی۔ اس Relay نے مشرق میں واقع ملک فجی سے مغرب میں امریکہ تک کا سفر مکمل کیا اور اس دوران 54 ممالک اور مختلف ٹائم زونز کا احاطہ کیا۔ وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ سوریہ پتھ ترنگا مہم کو 'ہر گھر ترنگا' مہم کے تحت منایا گیا۔

فجی میں بھارتی ہائی کمیشن سے شروع ہونے والے اس Relay میں ترنگے کے جذبے کو ایک طلوعِ آفتاب سے دوسرے طلوعِ آفتاب تک پہنچایا گیا۔ اس کے ذریعے دنیا بھر میں موجود بھارتی برادری اور بھارت کے دوستوں کو ایک ساتھ جوڑا گیا۔×

Amit Shah Foundation Stone

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج راجستھان کے اَلور میں واقع اَلور سارس ڈیری کمپلیکس میں ایک نئے ڈیری پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ امدادِ باہمی کی وزارتِ کے مطابق، اس موقع پر راجستھان کے 17 ضلعوں میں 6 ہزار 262 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا ورچوئل وسیلے سے سنگِ بنیاد رکھا جائے گا اور افتتاح کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، روزگار اُتسو کے تحت 10 ہزار 500 سے زیادہ نئ تقرری پانے والے افراد کو تقرر نامے بھی سونپے جائیں گے۔×

CBDT Fast DS Rule

براہِ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ CBDT نے چھوٹے ٹیکس دہندگان کے غیر ملکی اثاثوں کے انکشاف سے متعلق اسکیم کے ضوابط 2026 کو نوٹیفائی کیا ہے۔ یہ اسکیم آج سے نافذ العمل ہوگی۔ اِس اسکیم کے تحت اعلان نامہ جمع کرانے کی آخری تاریخ اِس سال 31 دسمبر ہے۔ اِس تاریخ کے بعد کوئی بھی اعلان نامہ داخل نہیں کیا جا سکے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Priya Mondal

چھوٹے ٹیکس دہندگان کے غیر ملکی اثاثوں کے انکشاف سے متعلق اسکیم 2026 کے مالیاتی ایکٹ کے چوتھے باب میں شامل ایک بار رضاکارانہ انکشاف کی اسکیم کے تحت ٹیکس دہندگان مخصوص ٹیکس یا فیس ادا کرکے ایسے اثاثوں، غیر ملکی آمدنی یا غیر ملکی اثاثوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں، جن کی معلومات کا پہلے انکشاف نہیں کیا گیا ہو۔ انکم ٹیکس محکمے نے ٹیکس دہندگان کی بیداری میں اضافہ کرنا اور اِس اسکیم کو بہتر طریقے سے سمجھنے میں آسانی پیدا کرنے کیلئے اپنی مسلسل کوششوں کے حصے کے طور پر ایک جامع FAQ دستاویز جاری کی ہے۔

دلی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جا رہا ہے۔

GONG

Vajpayee Death Anniversary

ملک آج سابق وزیرِ اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔ BJP کے سینئر رہنما واجپائی نے 2018 میں آج ہی کے دن آخری سانس لی تھی۔

واجپئی تین مرتبہ بھارت کے وزیرِ اعظم رہے۔ ان کی پہلی مدتِ کار 1996 میں صرف 13 دن کی تھی۔ دوسری مرتبہ انہوں نے 1998 سے 1999 تک 11 ماہ کیلئے وزیرِ اعظم کی حیثیت سے خدمات انجام دیں، جبکہ 1999 سے 2004 تک انہوں نے مکمل مدتِ کار پوری کی۔

انہیں 2015 میں بھارت کے اعلیٰ ترین سِول اعزاز بھارت رتن سے نوازا گیا۔ قومی راجدھانی میں واقع ان کی یادگار سدیو اٹل پر اہم شخصیات سابق وزیرِ اعظم کو گلہائے عقیدت نذر کرکے خراجِ عقیدت پیش کریں گی۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے بھی سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپائی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ اعظم مودی نے واجپئی کو غیر معمولی بصیرت کا حامل عظیم مدبر قرار دیا، جنہوں نے اپنی پوری زندگی قوم کی خدمت کے لیے وقف کر دی۔

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ واجپائی بھارت کی سیاست کے ایسے عظیم رہنما تھے، جن کی شخصیت میں حب الوطنی، جمہوری اقدار، حساسیت اور غیر معمولی خطابت کا منفرد امتزاج موجود تھا۔×

PM Vajpayee Tribute

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی-پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیرِ اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کو قومی راجدھانی میں واقع اُن کے میموریل 'سدیو اٹل' پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔ اس موقعے پر سابق صدر رام ناتھ کووند، راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ، دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا اور BJP کے قومی صدر نتن نبین بھی موجود تھے۔×

Jharkhand Protest

جھارکھنڈ میں JPSC-JSSC امیدواروں کا احتجاج شدت اختیار کر گیا ہے۔ طلبا نے مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کے تازہ پروگراموں کا اعلان کیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Mahvish

احتجاج کے اگلے مرحلے کے طور پر طلبا لیڈروں نے اعلان کیا ہے کہ آج ریاست کے تمام 24 ضلعوں میں وزیرِ اعلیٰ ہیمنت سورین اور کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے پُتلے جلائے جائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کا احتجاج 22ویں دن میں داخل ہو گیا ہے، لیکن ان کے اہم مطالبات اب بھی پورے نہیں کیے گئے ہیں۔ رانچی میں پتلا نذرِ آتش کرنے کا پروگرام البرٹ ایکا چوک پر منعقد کیا جائے گا۔

طلبا JPSC کے 11 ویں سے 13 ویں امتحانات اورJSSC-CGL امتحان منسوخ کرنے کے ساتھ ساتھ مبینہ بے ضابطگیوں کی CBI جانچ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

JPSC-JSSC ریفارم منچ نے ریاستی حکومت کو 18 اگست تک مثبت کارروائی کرنے کا الٹی میٹم دیا ہے۔

مظاہرین نے پہلی مرتبہ وزیرِ اعلیٰ ہیمنت سورین کے استعفے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

انہوں نے 20 اگست کو وزیرِ اعلیٰ کی رہائش گاہ کے باہر بڑے احتجاج کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ اگر ان کے مطالبات پر توجہ نہیں دی گئی تو، وہ وہیں اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔

ریفارم منچ نے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں احتجاج کو مزید شدت اختیار کرے گا اور اس کیلئے بھگت سنگھ کے نظریات اور جذبے سے تحریک حاصل کی جائے گی۔ مظاہرین نے ایک بار پھر کہا کہ جب تک ان کے مطالبات پر ٹھوس کارروائی نہیں کی جاتی، احتجاج جاری رہے گا۔

رانچی سے مہوش رحمٰن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

WB AM PM Jay

مغربی بنگال کے وزیرِاعلیٰ سویندھو ادھیکاری آج ریاست میں آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کا آغاز کریں گے۔ اِس اقدام کا مقصد ریاست میں اہل شہریوں کیلئے معیاری حفظانِ صحت کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sandipon

مغربی بنگال اِس اسکیم کو نافذ کرنے والی 36ویں ریاست بن جائے گی۔ اس اسکیم سے ڈیڑھ کروڑ کنبوں کو فائدہ پہنچنے کی امید ہے اور فی سال فی کنبہ پانچ لاکھ تک کا علاج Cashless ہوگا۔ ہر اہل کنبے کے رکن کو آیوشمان بھارت کارڈ مفت جاری کیے جائیں گے۔

اس اسکیم کے تحت ریاست کے ایک ہزار 307 پرائیویٹ اور 627 سرکاری اسپتالوں میں علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ مستفیدین اسپتال میں داخلے سے تین دن پہلے سے لے کر اسپتال سے ڈسچارج کے 15 دن بعد تک اِس اسکیم سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ وہ افراد جو آیوشمان بھارت کے لئے اہل نہیں ہوں گے اُن کے لئے مکھیہ منتری سواستھ بیما یوجنا بھی شروع کی جائے گی۔ توقع ہے کہ اِس اسکیم کے تحت تقریباً 80 لاکھ کنبوں کو شامل کیا جائے گا۔

کولکتہ سے سندیپن داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

NTA Answer Keys

امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA آج UGC-NET June 2026، CSIR-NET اور Ph.D پروگراموں میں داخلے کیلئے ICAR کُل ہند داخلہ امتحان اور کُل ہند مسابقتی امتحان کیلئے عارضی Answer Key جاری کرے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر NTA نے بتایا کہ عارضی Answer Key اس کی سرکاری ویب سائٹ پر شائع کی جائیں گی۔ امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ صرف NTA کی سرکاری اطلاع پر ہی اعتماد کریں۔×

Amrit Udyan

امرت اُدیان آج سے اگلے مہینے کی 15 تاریخ تک عام لوگوں کیلئے کھلا رہے گا۔ یہ باغ صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کھلا رہے گا، جبکہ اس میں آخری داخلہ تک تمام ہوگا۔ دیکھ بھال کیلئے ہر پیر کو باغ بند رہے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Nitika

باغ کی سیر کے دوران کئی اہم مقامات دیکھنے کو ملیں گے، جن میں بال واٹیکا، Plumeria گارڈن، Banyan Groove، بونسائی گارڈن، Babbling بروکس، سینٹرل لان، لانگ گارڈن اور سرکلر گارڈن شامل ہیں۔ موسمِ گرما کے سالانہ ایڈیشن کی ایک بڑی کشش مقامی اور دیسی پھولدار پودے ہیں، جو اپنی دِلکش رنگا رنگی اور ماحولیاتی اہمیت کیلئے مشہور ہیں۔ دیسی پودوں کے مجموعے میں بالسَم، گُل مہندی، ایراجیتا، گلفا، رُمنی، Barsha پھول، مور شِکھا، دوپہریا، لال ساگ، کالی ہاری اور ناگ پھنا شامل ہیں۔ یہ پودے بھارت کے بھرپور نباتاتی وراثت کی عکاسی کرنے کے ساتھ ساتھ باغات میں حیاتیاتی تنوع کو بھی فروغ دیتے ہیں۔

امرت اُدیان میں آنے والے تمام افراد کیلئے داخلہ مفت ہے۔ تاہم، اُن کیلئے ضروری ہے کہ وہ راشٹر پتی بھون کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن اپنی سلاٹ بک کریں۔ موقع پر بکنگ کی کوئی سہولت دستیاب نہیں ہوگی۔ لوگوں کی سہولت کیلئے راستے میں پینے کے پانی کے اسٹال، ابتدائی طبی امداد کے مراکز، بارش سے بچاؤ کیلئے شیڈ اور بیت الخلاء دستیاب ہیں۔ سینٹرل سکریٹریٹ میٹرو اسٹیشن سے امرت اُدیان میں داخل ہونے کے مقام تک شٹل بس سروس بھی دستیاب رہے گی۔ یہ سروس صبح 9 بج کر 30 منٹ سے شام 6 بجے تک ہر 30 منٹ کے وقفے سے چلائی جائے گی۔

نئی دلّی سے نیتیکا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

## Odisha Flood

شمالی اوڈیشہ میں Baitarani میں تازہ سیلاب سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ سیلاب کے سبب جاج پور ضلع کے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور بھدرک ضلع کے کئی گاؤں کا رابطہ منقطع ہوگیا ہے۔ Akhuapada میں Baitarani ندی خطرے کے نشانے سے اوپر بہہ رہی ہے۔ ساتھ ہی Salandi ، Gaenguti اور Kochila ندیوں میں پانی کی سطح بڑھنے سے بھدرک میں سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات IMD نے میورَبھنج اور بالاسور کیلئے ریڈ الرٹ اور چھ ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے ریاست میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prakash Dash

شمالی اوڈیشہ میں سیلاب کی صورتحال سنگین ہو گئی ہے۔ بھدرک ضلع کے اکواپاڑہ میں آج صبح تک Baitarani ندی خطرے کے نشان سے اوپر 18 پوائنٹ 38 میٹر پر بہہ رہی تھی۔

محکمہ موسمیات IMD نے میورَبھنج اور بالاسور کیلئے ریڈ الرٹ اور چھ ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ منگل تک شدید بارش رہنے کا امکان ہے۔ کئی مقامات پر 20 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش ہوسکتی ہے۔ ماہیگیروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سمندر میں نہ جائیں، کیونکہ 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں۔

بھوبھنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

## Delhi DTC Pink Ticket

دلّی سرکار نے، دلّی ٹرانسپورٹ کارپوریشن DTC کی بسوں میں خاتون مسافروں کیلئے جاری کاغذی پنک ٹکٹ کی سہولت کو اس ماہ کی 31 تاریخ تک بڑھا دیا ہے۔ محکمۂ ٹرانسپورٹ کے ایک حکم کے مطابق، مفت بس سفر کی اہل خواتین DTC اور دلّی کلسٹر بسوں میں کاغذی پنک ٹکٹ کا استعمال جاری رکھ سکتی ہیں۔ یہ سہولت پہلے کل ختم ہونے والی تھی اور آج سے پنک سہیلی اسمارٹ کارڈ کا استعمال لازمی قرار دیا جانا تھا۔

حکومت نے کاغذی ٹکٹ کی سہولت میں توسیع کا فیصلہ اس لیے کیا ہے تاکہ مزید خواتین اسمارٹ کارڈ حاصل کرسکیں۔ اب تک دلّی میں تقریباً 18 لاکھ پنک سہیلی کارڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات کے محکمے IMD نے آج اروناچل پردیش، مغربی بنگال میں گنگا کے علاقے، اُڈیشہ، اترپردیش اور اتراکھنڈ کے بعض حصوں میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ شمال مشرقی بھارت کے بعض علاقوں چھتیس گڑھ، گجرات، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، جھارکھنڈ، کونکن اور گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں دن میں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے آج انڈمان نکوبار جزائر، آندھرا پردیش، مغربی بنگال کے گنگا کے علاقے شمال اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل کے مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔
محکمے نے ساحلی کرناٹک، اُڈیشہ، جنوب اندرونی کرناٹک، ذیلی ہمالیائی بنگال، سکم اور تلنگانہ میں اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

Chess Esport

شطرنج میں عالمی نمبرایک کھلاڑی میگنس کارلسن نے فرانس کے شہر پیرس میں بیلاروس کے گرینڈماسٹر ڈینس لازاوِک کو 2 صفر سے شکست دے کر لگاتار دوسری مرتبہ Esports عالمی کپ کا خطاب جیت لیا ہے۔
ٹیم لیکوئڈ کی نمائندگی کرنے والے میگنس کارلسن اِس پورے ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہے۔
جب کہ امریکی گرینڈماسٹر Hikaru Nakamura نے علی رضا فیروزہ کو ایک۔چار سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔×

FIH Hockey World Cup

ہاکی میں بھارت نے کل نیدرلینڈس کے Amstelveen میں FIH ہاکی ورلڈ کپ کے گروپ D کے میچ میں ویلز کو ایک کے مقابلے 3 گول سے ہرایا۔ بھارت کی جانب سے کپتان ہرمَن پریت سنگھ نے دو گول، جبکہ سنجے رانا نے ایک گول کیا۔ ویلز کی جانب سے واحد گول Sam Welsh نے کیا۔×

Test Cricket India

مردوں کی کرکٹ میں بھارت آج Galle انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن اپنی پہلی اننگز میں کل کے 2 وکٹ پر 288 رنز کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ کل کا کھیل جب ختم ہوا دیو دت Padikkal ، 131 رن، جبکہ رشبھ پنت 27 رنز پر کھیل رہے تھے۔ کے-ایل راہل 77 رنز پر چوٹ لگنے کے سبب ریٹائر ہوئے۔ بارش کے سبب کل دو مرتبہ کھیل متاثر ہوا، جس کی وجہ سے میچ کو 73 اوورز تک محدود کر دیا گیا۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔×

VP Tamil Nadu

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج سے تمل ناڈو کے دو روزہ دورے پر ہوں گے۔ وہ چنئی، چنگل پٹو، تھرو ورور اور تھنجاوور میں مختلف تعلیمی، یادگاری اور ادبی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔

جناب رادھا کرشنن آج چنگل پٹو میں ایس آر ایم انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے 22 ویں جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گے۔ وہ چینئی میں ناگالینڈ، منی پور اور مغربی بنگال کے سابق گورنر کی پہلی برسی کی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

بعد میں نائب صدر چینئی میں ‘Echoes of a Naitionalist Mind’ نامی کتاب کے رسمِ اجرا کی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

یہ کتاب ہندو Munnani کے بانی آنجہانی کے-رام گوپالن کے خیالات اور تحریروں پر مبنی ہے۔×

J&K Budha Amarnath Yatra

پونچھ ضلع کی منڈی تحصیل کے راجپورہ گاؤں میں قدیم بابا بُدھ امرناتھ مندر کی سالانہ 12 روزہ شری بُدھ امرناتھ یاترا کل سے شروع ہوگی اور 28 اگست 2026 تک جاری رہے گی۔

یاتریوں کا پہلا جتھہ کل جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس سے سرحدی ضلع پونچھ کی جانب روانہ ہوگا۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -اسعد اللہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے ملک کے مختلف حصوں میں یومِ آزادی کی تقریبات بڑے جوش و خروش سے منائے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

راجدھانی دلی میں تاریخی لال قلعے کی فصیل سے وزیراعظم نریندر مودی نے 80 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ترنگا پھہرایا اور قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج بھارت جوش و جذبے کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، یووا شکتی اور نئی ٹیکنالوجی کی مدد سے 2047 تک وکست بھارت بنانے کے ہدف پر زور دیا۔

’عالمی رہنماؤں نے بھارت کے یومِ آزادی پر مبارکباد دی اور جمہوری سفر میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول کی ستائش کی‘۔ اِس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

’جھارکھنڈ میں اپنے مطالبات کو لے کر طلبا کا احتجاج جاری‘۔ جبکہ ارونا چل پردیش میں سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کی خبر کو بھی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ انڈونیشیا میں شدید زلزلے کے باعث کئی افراد ہلاک، بچاؤ اور راحت کا کام بڑے پیمانے پر جاری ہے۔
☆ سعودی عرب، مصنوعی ذہانت اور اخلاقی تقاضوں پر مبنی چوتھی کانفرنس کی میزبانی ستمبر میں منعقد کرے گا۔
☆ آبنائے ہرمز سے متعلق ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دعوے کو کیا خارج۔
☆ ورجینیا یونیورسٹی میں فائرنگ سے کئی افراد کے زخمی ہونے کی خبر۔
☆ روس نے یوکرین کے فوجی ذخائر اور اُس کے ٹینکوں کو بنایا نشانہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی پارٹیوں سے پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے ریزرویشن کے نفاذ کی حمایت کرنے کی اپیل کی ہے، تاکہ بھارت کی پالیسی سازی میں خواتین کے تعاون کو مضبوط کیا جا سکے۔
2- وزیرِ اعظم نے مسابقتی امتحانات کی تیاری کرنے والے طلبہ کے لیے مفت آن لائن کوچنگ کا اعلان کیا ہے، تاکہ ان کے کنبوں پر مالی بوجھ کم ہو سکے۔ اگلے ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت AI کی تربیت فراہم کی جائے گی۔
3- سوریہ پتھ ترنگا، جو اپنی نوعیت کی پہلی مہم ہے اور جس میں 50 سے زیادہ بھارتی سفارتی مشنز شامل تھے، سان فرانسسکو میں اختتام پذیر ہوئی۔
4- حکومت نے چھوٹے ٹیکس دہندگان کیلئے غیر ملکی اثاثوں کے انکشاف کی اسکیم شروع کی ہے۔
5- اور شطرنج میں، عالمی نمبر ایک Magnus Carlsen نے ای-اسپورٹس ورلڈ کپ کا خطاب برقرار رکھا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---